# ایوانِ تجارت وصنعت ملتان

## ایوانِ تجارت و صنعت ملتان کی مجلسِ عاملہ کے اِجلاس منعقدہ مورخہ 01-11-2024 کی روئیداد

ایوانِ تجارت و صنعت ملتان کی مجلسِ عاملہ کا اِجلاس آج مورخہ 01-11-2024 بروز جمعہ بوقت 11:00 بجے دن زیرِ صدارت جناب بختاور تنویر شیخ صاحب، صدر ایوان بحاضری درجِ ذیل اراکین دفتر ایوان واقع شاہراہِ ایوان تجارت و صنعت ملتان میں منعقد ہوا اور درج ذیل کاروائی عمل میں لائی گئی:-

۱. جناب بختاور تنویر شیخ صاحب
۲. جناب محمد محسن مسعود خواجہ صاحب
۳. جناب محمد اظہر بلوچ صاحب
۴. جناب ظفر اقبال صدیقی صاحب
۵. جناب ابرار احمد صاحب
۶. جناب محمد رمضان بھٹہ صاحب
۷. جناب مجیداللہ خان صاحب
۸. جناب خواجہ محمد ارشد صاحب
۹. جناب شیخ محمد امجد صاحب
۱۰. جناب محمد طارق خان صاحب
۱۱. جناب رضا عمار صاحب
۱۲. جناب محمد عارف صاحب
۱۳. جناب شیخ ظفر حسین صاحب
۱۴. جناب ارشد اقبال شیخ صاحب
۱۵. جناب عمار یاسر خواجہ صاحب
۱۶. جناب میاں ادریس احمد شیخ صاحب
۱۷. جناب شیخ فیصل سعید صاحب
۱۸. جناب خواجہ ذوالفقار علی صدیقی صاحب
۱۹. جناب عامر علی خان صاحب
۲۰. محترمہ ارم راشد صاحبہ
۲۱. محترمہ حنا چغتائی صاحبہ

مجلسِ عاملہ کے درجِ ذیل اراکین کو Leave of absence دی گئی:-

۱. جناب الطاف شاہد صاحب
۲. جناب محمد سرفراز صاحب
۳. جناب میاں رجب حسین کھوکھر صاحب
۴. جناب شیخ محمد لیٹین صاحب
۵. جناب وسیم اختر صاحب

(PTO)

ان کے علاوہ جناب میاں تنویر احمد شیخ صاحب، جناب خواجہ محمد یوسف صاحب، جناب خواجہ محمد عثمان صاحب، جناب خواجہ محمد حسین صاحب، جناب میاں راشد اقبال صاحب سابق صدور ایوان اور جناب سید افتخار علی شاہ صاحب، جناب خواجہ محمد علی صاحب، جناب خواجہ محمد سہیل طفیل صاحب سابق سینئر نائب صدور اور جناب نوید اقبال چغتائی صاحب سابق نائب صدر ایوانِ تجارت وصنعت ملتان نے صاحب صدر کی خصوصی دعوت پر اجلاس میں شرکت کی۔

| نمبر شمار | ایجنڈا | کاروائی اجلاس |
|---|---|---|
| 1. | آغاز اجلاس۔ | اجلاس کی کاروائی کا آغاز تلاوتِ کلامِ پاک سے ہوا۔ تلاوت جناب محمد اظہر بلوچ صاحب نے فرمائی۔ سیکرٹری جنرل محمد شفیق نے ایوان کو بتایا کہ ایوان کے سابق صدر، جناب میاں فضل الٰہی شیخ صاحب کے بہنوئی جناب شبیر حسین صاحب اس جہانِ فانی سے کوچ کر گئے ہیں جس پر مجلس عاملہ نے گہرے دُکھ اور رنج کا اظہار کرتے ہوئے متفقہ طور پر مرحوم کی روح کے ایصالِ ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی اور تعزیتی قرارداد منظور کی اور سیکرٹری جنرل کو ہدایت کی کہ وہ مذکورہ مرحوم کے لواحقین کو تعزیتی قرارداد کی نقل بھجوائیں۔ |
| 2. | توثیق کاروائی گذشتہ اجلاس مجلس عاملہ۔ | سابقہ اجلاس کی کاروائی جو کہ پہلے ہی تمام اراکین مجلس عاملہ کو بھجوائی جا چکی تھی ایوان نے با اتفاق رائے اس کی منظوری دی۔ |
| 3. | تشکیل سب کمیٹیاں ایوان بابت سال 2024-26۔ | سیکرٹری جنرل ایوان محمد شفیق نے مجلس عاملہ کو ایوان کی سب کمیٹیز برائے سال 2024-26 کی فہرست پیش کی اور مجلس عاملہ سے درخواست کی کہ آپ کی سہولت کیلئے تمام کمیٹیوں کے ناموں کی فہرست آپ کے سامنے موجود ہے لہٰذا آپ مہربانی فرما کر اپنی Choice اور Expertise کو مدِ نظر رکھتے ہوئے جن کمیٹیوں میں شامل ہونا چاہتے ہیں ان کمیٹیوں کے نام کے سامنے دیئے گئے خانے پر نشان لگا دیں تا کہ آپ کے نام ان کمیٹیوں میں شامل کر دیئے جائیں اور اگر کوئی ممبر ابھی اپنا نام نہیں دینا چاہتا تو وہ ایوان کے سیکرٹریٹ کو ایک ہفتے کے اندر اندر مطلع کر دے تا کہ سب کمیٹیوں کی تشکیل کو حتمی شکل دی جا سکے۔ مجلس عاملہ کے اراکین نے سب کمیٹیوں میں شمولیت کیلئے اپنی اپنی Nominations دیں۔ مزید برآں مجلس عاملہ نے فیصلہ کیا کہ سب کمیٹیوں کے وہ کنوینرز جو اپنی مصروفیات کی وجہ سے اپنا وقت نہیں دے پا رہے ان کو تبدیل کر دیا جائے۔ |

(PTO)

| نمبر شمار | ایجنڈا | کاروائی اجلاس |
|---|---|---|
| | | سیکریٹری ایوان نے مجلسِ عاملہ کو سب کمیٹیوں سے متعلق SOP سے آگاہ کیا اور مزید بتایا کہ تمام کمیٹیوں کو WhatsApp Group سے منسلک کیا جائے گا جس کے ذریعے کمیٹی ممبران کو تفصیلات سے آگاہ رکھا جائے گا۔ |
| 4. | منظوری نئے ممبران ایوان | سیکرٹری جنرل محمد شفیق نے مجلس عاملہ کو ایوان کے نئے ممبران کی لسٹ پیش کی اور ان کی تفصیل سے آگاہ کیا۔ مجلس عاملہ نے باتفاق رائے نئے ممبران کی منظوری دی۔ مزید برآں صدر ایوان نے سیکریٹری جنرل کو ہدائیت کی کہ وہ نئے ممبران کی ممبرشپ رجسٹریشن سے متعلق ایک جامع SOP بنائیں تاکہ آئندہ اسی کے مطابق نئے درخواست گزاروں کے کاغذات کی سکروٹنی کی جائے اور ممبرشپ کے عمل کو احسن بنایا جا سکے۔<br><br>سیکریٹری جنرل ایوان نے مجلسِ عاملہ کو آگاہ کیا کہ Trade Organizations Act, 2013، Trade Organizations Rules, 2013، ایوان کے Memorandum & Articles of Association اور صدرِ ایوان، سینئر اراکینِ مجلسِ عاملہ اور لیگل ایڈوائزر ایوان کی ہدایات کی روشنی میں نئی ممبرشپ رجسٹریشن کے لیے جامع Standard Operating Procedures (SOPs) مرتب کیے گئے ہیں، جو منظوری کے لیے مجلسِ عاملہ کے روبرو پیش ہیں۔<br><br>انہوں نے مزید بتایا کہ مجلسِ عاملہ کی ہدایات کے مطابق ممبرشپ کمیٹی (Members Affiar & Coordination Sub-Committee) تشکیل دی گئی تھی، جس کا مقصد نئی ممبرشپ درخواستوں کی بروقت جانچ پڑتال، انٹرویو، دستاویزات کی تصدیق اور مقررہ قواعد وضوابط کے مطابق فوری فیصلہ کرنا ہے، تاکہ مجلسِ عاملہ کے اجلاس میں وقفہ یا تاخیر کی وجہ سے ممبرشپ درخواستیں غیر ضروری طور پر زیرِ التوا نہ رہیں۔ بالخصوص برآمد کنندگان اور دیگر کاروباری اداروں کو بعض اوقات بینکنگ، ٹینڈرز، ایکسپورٹ دستاویزات اور دیگر کاروباری ضروریات کے لیے فوری طور پر چیمبر کی ممبرشپ درکار ہوتی ہے۔<br><br>سیکرٹری جنرل نے مجلسِ عاملہ سے استدعا کی کہ ممبرشپ کمیٹی کو منظور شدہ ایس او پیز، Trade Organizations Act, 2013، Trade Organizations Rules, 2013 اور ایوان کے Memorandum & Articles of Association کے تحت نئی ممبرشپ درخواستوں کو منظور کرنے، زیرِ التوا رکھنے یا مسترد کرنے کے اختیارات تفویض کیے جائیں، تاکہ ممبرشپ کے معاملات بروقت، شفاف اور مؤثر انداز میں نمٹائے جا سکیں۔ |

CS CamScanner

| نمبر شمار | ایجنڈا | کاروائی اجلاس |
| --- | --- | --- |
| | | اس تجویز پر تفصیلی غور وخوض کے بعد مجلسِ عاملہ نے متفقہ طور پر نئی ممبر شپ رجسٹریشن کے لیے مرتب کردہ Standard Operating Procedures (SOPs) منظور کیے اور ممبر شپ کمیٹی کو ان ایس او پیز، Trade Organizations Act, 2013، Trade Organizations Rules, 2013 اور ایوان کے Memorandum & Articles of Association کے مطابق نئی ممبر شپ درخواستوں کو منظور کرنے، زیرِ التوا رکھنے یا مسترد کرنے کے اختیارات تفویض کیے۔<br><br>مزید برآں، مجلسِ عاملہ نے ہدایت کی کہ ممبر شپ کمیٹی کی جانب سے کیے گئے تمام فیصلے، بمعہ متعلقہ ریکارڈ آئندہ اجلاسِ مجلسِ عاملہ میں بطور اطلاعی ایجنڈا (Information Item) پیش کیے جائیں۔ |
| 5. | اور کوئی معاملہ بہ اجازت صاحب صدر۔ | جناب شیخ محمد ارشد ممبر مجلسِ عاملہ نے تجویز پیش کی کہ ٹیکس سے متعلق پالیسیوں میں چیمبر سے تجویز کردہ تبدیلیوں اور کاروباری حضرات کو درپیش مسائل کو متعلقہ محکمہ جات اور گورنمنٹ اتھارٹیز تک رسائی کیلئے کل وقتی ٹیکس ایکسپرٹ یا کنسلٹینٹ فرم کو رکھا جائے جس کی کنٹریکٹ فیس کی ادائیگی چیمبر کے نارمل فنڈ سے کی جائے۔ اس تجویز کو مجلسِ عاملہ نے متفقہ طور پر منظور کیا اور صدر ایوان نے اس تجویز کو متعلقہ ٹیکسیشن کمیٹی کے سپرد کیا اور ہدایت کی کہ وہ اس سے متعلق ذمہ داریوں کا تفصیلی تعین کریں تاکہ Hiring کے عمل کو آگے بڑھایا جاسکے۔ |

اب کیونکہ اور کوئی معاملہ برائے زیرِ غور نہیں تھا لہٰذا اجلاس کی کاروائی صدر صاحب کے شکریہ کے ساتھ اختتام پذیر ہوئی۔

صدر
ایوانِ تجارت وصنعت ملتان

CS CamScanner